آفتابِ رشد و ہدایت
فانوسِ شمعِ شریعت تنویرِ علم و بصیرت
منبعِ خیر و برکت
یعنی
حیاتِ اعلیٰ حضرت
حصہ اوّل
مکتبہ نوریہ رضویہ وکٹوریہ مارکیٹ سکھر

۶۸۶

حیاتِ اعلیحضرت

۶۱۹۳۸

مظہر المناقب

جلد اوّل

از

ملک العلما مولانا ظفر الدین صاحب رضوی

باہتمام

مفتی محمد ظفر علی مہتمم دار العلوم امجدیہ

مکتبہ رضویہ فیروز شاہ اسٹریٹ
آرام باغ کراچی

کرنے کے سلسلہ میں میرا بریلی شریف میں قیام تھا تو رات دن ایسے واقعات سامنے آتے تھے کہ اعلیٰحضرت کی حاضر جوابی سے لوگ حیران ہو جاتے ان حاضر جوابیوں میں حیرت میں ڈالدینے والے واقعات وہ علمی حاضر جوابی تھی جس کی مثال سنی بھی نہیں گئی مثلاً استفتا آیا دارالافتا میں کام کرنیوالوں نے پڑھا۔ اور ایسا معلوم ہوا کہ نئے قسم کا حادثہ دریافت کیا گیا اور جواب جزیہ کی شکل میں نہ مل سکیگا۔ فقہا کرام کے اصول عامہ سے استنباط کرنا پڑے گا۔ اعلیٰحضرت کی خدمت میں حاضر ہے عرض کیا عجب نئے نئے قسم کے سوالات آرہے ہیں اب ہم لوگ کیا طریقہ اختیار کریں فرمایا یہ تو بڑا پرانا سوال ہے ابن ہمام نے فتح القدیر کے فلاں صفحہ میں ابن عابدین نے ردمحتار کی فلاں جلد اور فلاں صفحہ پر فتاوی ہندیہ میں خیریہ میں یہ یہ عبارت صاف صاف موجود ہے اب جو کتابوں کو کھولا تو صفحہ، سطر اور بتائی ہوئی عبارت میں ایک نقطہ کا فرق نہیں اس خداداد فضل وکمال نے علماء کو ہمیشہ حیرت میں رکھا۔

ایک مرتبہ پندرہ بطن کا مناسخہ آیا چونکہ اعلیٰحضرت کی رائے میں مولانا سید محمد صاحب نے فن حساب کی تکمیل باضابطہ کی تھی اور آپ نہ پائی کا حساب بالکل آسانی سے کرتے تھے لہذا یہ مناسخہ انھیں کے سپرد کیا گیا مولانا سید محمد صاحب کا بیان ہے کہ ان کا سارا دن اسی مناسخہ کے حل کرنے میں لگ گیا شام کو اعلیٰحضرت کی عادت کریمہ کیمطابق جب بعد نماز عصر پھاٹک میں نشست ہوئی اور فتاوی پیش کئے جانے لگے تو میں نے بھی اپنا قلم بند کیا ہوا جواب اس امید کیساتھ پیش کیا کہ آج اعلیٰحضرت کی داد لوں گا پہلے استفتا سنایا۔ فلاں مرا اور اتنے وارث چھوڑے اور پھر فلاں مرا اور اتنے چھوڑے غرض پندرہ موت واقع ہونیکے بعد زندوں پر ان کے حق شرعی کے مطابق ترکہ تقسیم کرنا تھا مرنیوالے تو پندرہ تھے مگر زندہ وارث کی تعداد پچاس سے اوپر تھی استفتا ختم ہوا کہ اعلیٰحضرت نے فرمایا کہ آپ نے فلاں کو اتنا فلاں کو اتنا حصہ دیا اس وقت کا میرا حال دنیا کی کوئی لغت ظاہر نہیں کر سکتی۔ علوم اور معارف کی یہ غیر معمولی حاضر جوابیاں جس کی کوئی مثال سننے میں نہیں آئی۔

اخلاق کریمہ

میں نے علمائے کرام ومشائخ عظام کی جہاں تک زیارت کی اور معززین دنیادار دل کو دیکھا اکثر ایسا ہی پایا کہ ان کی تعریف کیجیئے تو بہت خوش اور جہاں کسی بات پر اعتراض کیا اس درجہ خفا ہوئے کہ اس کی صورت بھی دیکھنی نہیں چاہتے ان میں سب سے اول نمبر جسے مستثنیٰ دیکھا وہ ذات گرامی صفات اعلیٰحضرت امام اہلسنت کی تھی اور اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ آپ کے سب کام محض اللہ تعالیٰ کے لیے تھے نہ کسی کی تعریف سے مطلب نہ کسی کی ملامت کا خوف تھا حدیث شریف من احب اللہ والبغض للہ واعطی للہ ومنع للہ فقد استکمل الایمان کے مصداق تھے آپ کسی سے محبت کرتے تو اللہ ہی کے لیے مخالفت کرتے تو اللہ ہی کے لیے کسی کو جو کچھ دیتے تو اللہ ہی کے لئے اور کسی کو منع کرتے تو اللہ ہی کے لیے جیسا خود ایک رباعی